SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
February 11, 2019

## جنوری میں ایس ای سی پی نے **1,317** کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد(فروری 11 ) سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے جنوری میں ایک ہزار تین سو سترہ(1,317) نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔یہ تعداد گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں نو فیصد زائد ہے۔ نئی رجسٹریشن کے بعد ملک میں کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد پچانوے ہزار (95,000)سے زیادہ ہو گئی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے رجسٹریشن کے عمل کو سہل بنانے،فیسوں میں کمی، کمپنی رجسٹریشن اور قومی ٹیکس نمبر کے حصول کے لئے ون ونڈو آپریشن جیسی سہولتوں کی وجہ سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔

جنوری میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں تہتر (73)فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں جبکہ چوبیس(24)فیصد نے سنگل ممبر کمپنیوں کی صورت میں رجسٹرین حاصل کی اور تین فیصد میں بطور پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ادارے، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹیڈ لائیبیلٹی پارٹنر شپس شامل ہیں۔

سب سے زیادہ یعنی دوسوچودہ(214)کمپنیاں ٹریڈ نگ کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں جبکہ دوسرے نمبر پر خدمات کا شعبہ رہا جس میں ایک سو پچاسی (185) کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی۔ تعمیرات کے شعبے میں ایک سو اسی (180)،انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سو اٹھائیس(128)،سیاحت میں چوہتر(74)،خوراک و مشروبات میں تینتالیس(43)، تعلیم،مارکیٹنگ اور اشہارات،رئل اسٹیٹ،ہر ایک شعبے میں بیالیس(42)، ٹرانسپورٹ میں چالیس(40)، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں سینتیس(37)، انجنیئر نگ میں تیس(30)، کمیونی کیشن اور دواسازی میں چوبیس‘ چوبیس(24)، ٹیکسٹائل میں انیس(19)،کان کنی میں اٹھارہ(18)، براڈکاسٹنگ/ٹیلی کاسٹنگ اور توانائی میں سولہ‘ سولہ(16)،کیمیکل،کازمیٹک ، میں تیرہ‘ تیرہ(13)، پاور جنریشن میں بارہ(12)،ہیلتھ کیئر میں گیارہ(11)جبکہ ستر(70)کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

جنوری میں کل اکسٹھ(61)کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرنے والوں کا تعلق چین،یونان، جرمنی،ہانگ کانگ، اٹلی،جاپان،لکسم برگ،ملائشیا،مراکش،نیدرلینڈز،قطر،سعودی عرب،سری لنکا،سویڈن، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

اس ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد چار سوستتر (**477**) ہے۔لاہور میں تین سو چھیالیس (**346**) اور کراچی میں دو سو چوہتر (**274**) کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور میں بیاسی (**82**)، ملتان میں چھپن (**56**)، گلگت بلتستان میں انتالیس (**39**)، فیصل آباد میں پچیس (**25**)، کوئٹہ میں چودہ (**14**) اور سکھر میں چار (**4**) کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔

ٹکرز:

ایس ای سی پی میں جنوری میں **1,317** کمپنیاں رجسٹر ہوئیں

ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ کل کمپنیوں کی تعداد پچانوے ہزار (**95,000**) ہو گئی

جنوری میں **73** فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، **24** فیصد سنگل ممبر کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں

تین فیصد کمپنیاں غیر منافع بخش اداروں، غیر ملکی اور لمیٹڈ لائیبیلٹی پارٹنرشپس کمپنیاں ہیں

جنوری میں ٹریڈنگ کے شعبے میں 214 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں

خدمات میں **185**، تعمیرات میں **180**، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں **128** اور سیاحت میں **74** کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں

جنوری میں **61** کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005